خبروں کا اعلامیہ

البرٹنز کے لیے زیادہ قابل استطاعت ہاؤزنگ

24 جولائی، 2023 میڈیا سے پوچھ گچھ

ہاؤزنگ کے اختراعی حل نکالنے میں معاونت کے مقصد سے ایفورڈیبل ہاؤزنگ پارٹنرشپ پروگرام (اے ایچ پی پی (Affordable Housing Partnership Program (AHPP)) نے کمیونٹی کے شراکت داروں کی طرف سے درخواستیں لینا شروع کیا ہے۔

قابل استطاعت ہاؤزنگ خاندانوں کو اور افراد اس قابل بناتی ہے کہ وہ اپنی آمدنی کو دیگر لازمی ضروریات کے لیے اور اپنے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کرپائیں۔ البرٹا کی حکومت ان پروگراموں میں سرمایہ کاری کر کے یقینی بنا رہی ہے کہ البرٹنز کو محفوظ، مستحکم اور قابل استطاعت ہاؤزنگ تک رسائی حاصل ہو۔

اس بار کی رقم کی فراہمی کے ذریعے، البرٹا کی حکومت کم آمدنی والے البرٹنز کے لیے جدید اور پائیدار قابل استطاعت رہائش کے حل کی حمایت میں 68 ملین ڈلر فراہم کر رہی ہے۔ سرکاری، غیر منافع بخش اور نجی سیکٹر کے شراکت دار اپنے قابل استطاعت رہائش کے پروجیکٹس کو 16 اکتوبر تک فنڈنگ کے لیے جمع کر سکتے ہیں۔

" ایفورڈیبل ہاؤزنگ پارٹنرشپ پروگرام (Affordable Housing Partnership Program) باہمی تعاون پر مبنی کام کو فروغ دیتا ہے اور اس حدف کو یقینی بنانے کو ترجیح دیتا ہے کہ تمام البرٹنز کو محفوظ، مستحکم اور قابل استطاعت رہائش تک رسائی حاصل ہو۔ اپنے میونسپل ، غیر منافع بخش اور نجی شعبے کے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کر کے، ہم اس بات کی یقین دہانی کریں گے کہ ہم مقامی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے مختلف قسم کی قابل استطاعت رہائش کے اختیارات فراہم کر پائیں۔"

جیسن نکسن، منسٹر آف سینیئرس، کمیونٹی اینڈ سوشل سروسز (Jason Nixon, Minister of Seniors, Community and Social Services)

فنڈنگ کا پہلا دور جنوری کو ختم ہوا، جس کے نتیجے میں 30 پروجیکٹس کے لیے 124.7 ملین ڈالر کی فنڈنگ کی منظوری حاصل ہوئی۔ اس پروگرام نے البرٹا بھر میں 1,100 سے زیادہ قابل استطاعت ہاؤزنگ یونٹس کے لیے تعاون فراہم کیا ہے۔

تمام تجاویز کو مقامی کمیونٹی کی ضروریات ،کم آمدنی والے البرٹنز کےلیے نتائج حاصل کرنے کی صلاحیت اورٹیکس دہندگان کے پیسے کی قدر کی بنیاد پر جانچا جائے گا۔

Classification: Public

اہلیت اور درخواست کے عمل سے متعلق تفصیلات آن لائن مل سکتی ہیں۔

فوری حقائق

- جنوری میں پہلی بار ایفورڈیبل ہاؤزنگ پارٹنرشپ پروگرام (Affordable Housing Partnership Program) کے داخلے (انٹیک) کے بعد مکمل ہونے والے چند قابل ذکرپروجیکٹس میں شامل ہیں:
  - سٹی آف کیلگریزبریجلینڈ پلیس ریٹروفٹ (City of Calgary's Bridgeland Place Retrofit) کے لیے 15.2 ملین ڈالر
  - ایڈمنٹن میں سیویڈاز لینڈرم ری ڈیویلپمنٹ (Civida's Lendrum Redevelopment) کے لیے 14.9 ملین ڈالر
  - اسپروس گروو (Spruce Grove) میں میریڈیئن ہاؤزنگ فاؤنڈیشنش اسپروس گروو لاج سپورٹیو لیونگ (Meridian Housing Foundation's Spruce Grove Lodge Supportive Living) کے لیے 14.7 ملین ڈالر
- البرٹا کے ایفورڈیبل ہاؤزنگ پارٹنرشپ پروگرام (Affordable Housing Partnership Program) کے لیے رقم کی فراہمی نیشنل ہاؤزنگ اسٹریٹجی (National Housing Strategy)، کینیڈا اور البرٹا کی حکومت کے درمیان 10 سالہ باہمی معاہدے کے ذریعے ہوتی ہے ۔

متعلقہ معلومات

- ایفورڈیبل ہاؤزنگ پارٹنرشپ پروگرام (Affordable Housing Partnership Program)
- اسٹرانگر فاؤنڈیشنس قابل استطاعت رہائش کی حکمت عملی (Stronger Foundations affordable housing strategy)
- قابل استطاعت رہائش کے پروگرامس (Affordable housing programs)

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرینس ملاحظہ کریں (Watch the news conference)